ڈسٹرکٹ پولیس آفس / شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (812)

23-12-2022

**بہاول پور() ایڈیشنل انسپکٹر جنرل پولیس جنوبی پنجاب کی ہدایت پر ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عبادت نثار کی زیرنگرانی جرائم پیشہ عناصر کے خلاف مہم میں بہاولپور پولیس کی گزشتہ 01 روز میں منشیات فروشوں اور اسلحہ ناجائز رکھنے والوں کے خلاف مختلف کارروائیاں، 13 ملزمان گرفتار، قبضہ سے 03 کلو سے زائد چرس و 290 لیٹر دیسی شراب معہ 03 عدد چالو بھٹیاں، 01 عدد ریوالور 32 بور اور 01 عدد کلاشنکوف برآمد، مقدمات درج، دستیاب وسائل کو بروئے کار لاتے ہوئے ایسی مزید کارروائیاں جاری رکھی جائیں، تاکہ معاشرے کو ایسے عناصر سے پاک کیا جاسکے۔ ڈی پی او عبادت نثار۔**

تفصیلات کے مطابق ایڈیشنل انسپکٹر جنرل پولیس جنوبی پنجاب کی جرائم پیشہ عناصر کے خلاف مہم پر ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عبادت نثار کی سربراہی میں اور تمام ایس ڈی پی اوز کی زیرنگرانی تمام ایس ایچ اوز نے ضلع بہاولپور میں منشیات اور شراب فروشوں کے خلاف گرینڈ کریک ڈاؤن جاری۔ بہاول پور پولیس جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیاں جاری رکھے ہوئے ہے۔ تھانہ چنی گوٹھ اور نوشہرہ جدید پولیس نے منشیات فروش کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے 02 ملزمان کو گرفتار کر کے قبضہ سے 03 کلو 260 گرام چرس برآمد کر لی۔ تھانہ کوتوالی، کینٹ، صدر بہاول پور، سمہ سٹہ، سٹی احمد پور شرقیہ، چنی گوٹھ، اور سٹی حاصلپور پولیس نے شراب فروشوں کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے 09 ملزمان کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے 290 لیٹر دیسی شراب و 03 عدد چالو بھٹیاں برآمد کر لی۔ تھانہ سٹی یزمان اور ڈیراور پولیس نے اسلحہ ناجائز رکھنے والوں کے خلاف کاروائی کرتے ہوئے 02 ملزمان کو گرفتار کر کے قبضہ سے 01 عدد ریوالور 32 بور اور 01 عدد کلاشنکوف برآمد کر کے گرفتار کر لیا۔ متعلقہ پولیس نے ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کر لیے، ڈی پی او نے اپنے پیغام میں کہا کہ جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیاں جاری رکھتے ہوئے مزید بڑی کارروائیاں کریں تاکہ بہاول پور منشیات جیسی لعنت سے پاک کیا جاسکے۔ کسی مشکوک سرگرمی کی صورت میں پولیس ہیلپ لائن 15 پر کال کر کے اطلاع دیں اور ذمہ دار شہری ہونے کا ثبوت دیں۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**



**بہاول پور پولیس کی گزشتہ 01 روز میں منشیات فروشوں اور اسلحہ ناجائز رکھنے والوں کے خلاف مختلف کارروائیاں، 13 ملزمان گرفتار**

ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(813)

23-12-2022

**بہاول پور() جمعتہ المبارک کے روزایس ڈی پی اوزاورایس ایچ اوزکے سیکیورٹی کے حوالے سے مساجداورامام بارگاہوں کے وزٹ،سیکیورٹی ڈیوٹی کو چیک کیا،ملکی صورتحال کے پیش نظرڈیوٹی پر مامور اہلکاروں کو الرٹ رہنے کی ہدایت کی،ہم الرٹ رہیں گےتو شرپسندعناصراپنے مذموم مقاصد میں کامیاب نہیں ہوسکیں گے،ڈسٹرکٹ پولیس آفیسرعبادت نثار۔**

تفصیل کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب ،ایڈیشنل انسپکٹر جنرل آف پولیس جنوبی پنجاب کے احکامات کی روشنی میں ڈی پی او کی ہدایت پر عمل پیرا ہوتے ہوئے ایس ڈی پی اوز نے اپنے سرکل جبکہ ایس ایچ اوز نے اپنے تھانہ جات کی حدود میں جمعتہ المبارک کے حوالے سے مساجداورامام بارگاہوں کی سیکیورٹی ڈیوٹی پر مامورافسران واہلکاران کو چیک کیا۔سیکیورٹی اہلکاروں کے پاس موجوداسلحہ اورحفاظتی انتظامات کا جائزہ لیا۔جوانوں کوالرٹ رہ کر ڈیوٹی سرانجام دینے کی ہدایت کی۔ڈی پی اوعبادت نثار نے اپنے پیغام میں کہا ہے کہ ہمارا فرض بہت اہم ہے،شہریوں کو احساس تحفظ دلانا ہے کہ ہم انکی سیکیورٹی کے لیے موجود ہیں۔ملکی صوتحال کے پیش نظرشرپسندعناصر پرکڑی نظر رکھیں اورالرٹ رہیں کیونکہ ہم الرٹ رہیں گےتو شرپسندعناصراپنے مذموم مقاصد میں کامیاب نہیں ہوسکے گے،انہوں نے ایس ڈی پی اوزاورایس ایچ اوزکواپنے اپنے ایریامیں مؤثرگشت اورسیکیورٹی انتظامات کے حوالے سے ہدایات بھی جاری کیں۔

ترجمان بہاولپور پولیس




بہاول پورجمعتہ المبارک کے روزایس ڈی پی اوزاورایس ایچ اوزکے سیکیورٹی کے حوالے سے مساجداورامام بارگاہوں کے وزٹ،سیکیورٹی ڈیوٹی کو چیک کیا

ڈسٹرکٹ پولیس آفس / شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (814)

23-12-2022

**بہاول پور() کرسمس تہوار کے حوالے سے سیکیورٹی پلان ترتیب دے دیا گیا،ضلع میں 44 پروگرامز منعقد ہونگے،جن پر 1000 سے زائد پولیس افسران وجوان اپنے فرائض سرانجام دیں گے،اقلیتی عبادت گاہوں کی سیکیورٹی مکمل ایس او پی و نیشنل ایکشن پلان کے مطابق سرانجام دی جائے گی،اقلیتی برادری کی سیکیورٹی کو فول پروف رکھا جائے،غفلت و لاپرواہی برداشت نہیں کی جائے گی ،ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عبادت نثار۔**

تفصیل کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب،انسپکٹر جنرل آف پولیس جنوبی پنجاب کی فول پروف سیکیورٹی کے احکامات کے مطابق ڈی پی او عبادت نثار کی ہدایات پر کرسمس تہوار کے حوالے سے سیکیورٹی پلان ترتیب دے دیا گیا۔کرسمس تہوار کے حوالے سے ضلع میں 44 پروگرامز منعقد ہونگے، چرچ ہائے پر ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز سمیت 1000 سے زائد پولیس افسران/جوان کے علاوہ ویلینٹئرز بھی ڈیوٹی کے فرائض سرانجام دیں گے تاکہ تقریبات میں حصہ لینے والے اپنے چرچ ہائے میں مذہبی رسومات پرامن ماحول میں سرانجام دے سکیں۔ڈسٹرکٹ پولیس کے ساتھ ایلیٹ فورس اور ڈولفن اسکواڈ،محافظ اسکواڈ بھی اپنی ڈیوٹیاں سرانجام دیں گے جبکہ چھتوں پر بھی جوان تعینات ہونگے۔پروگرام میں شامل ہونے والے افراد کی چیکنگ کو یقینی بنائی جائے اور خواتین کی تلاشی کے لئے لیڈی پولیس اہلکار بھی موجود ہونگی۔سیکیورٹی انتظامات کو CCTV کیمروں سے بھی مانیٹر کیا جائے گا۔واک تھرو گیٹ وٹیکنیکل سویپنگ کی تنصیب اور فیزیکل چیکنگ کے لئے سپیشل برانچ کا عملہ بھی تعینات ہوگا جبکہ مشکوک افراد پر کڑی نظر رکھنے کے لیے سول پارچات میں بھی اہلکار ڈیوٹی پر مامور ہونگے،عبادات کے دوران پولیس کی گشت کناں گاڑیاں چرچز کے اردگرد سیکیورٹی کو یقینی بنانے کے لئے گشت کو جاری رکھیں گی۔ٹریفک کورواں دواں رکھنے کے لیے ٹریفک کا ڈیوٹی پلان بھی ترتیب دیا گیا ہے۔ڈی پی او نے ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز کو ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ وہ 25 دسمبر کو عام تعطیل اور کرسمس تہوار کو مدنظر رکھتے ہوئے تفریحی مقامات خاص طور پر چڑیا گھر،نیشنل پارک لال سوہانرا،SS ورلڈ اور دیگر پبلک مقامات پر سیکیورٹی کے انتظامات کو بھی یقینی بنائیں گے اور اپنے اپنے علاقہ میں ایسے مقامات کو وقتاً فوقتاً چیک بھی کریں گے۔ڈی پی او نے مزید ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ ایس ایچ اوز اور پٹرولنگ ڈیوٹی پر مامور افسران اقلیتی عبادت گاہوں کی اردگرد گشت کو بھی یقینی بنائیں،کسی بھی مشتبہ اشخاص سے پوچھ گچھ اور اقلیتی عبادت گاہوں کے اردگرد رہنے والے غیر متعلقہ افراد پر بھی نظر رکھیں،اقلیتی عبادت گاہوں کی سیکیورٹی پر کسی قسم کا کوئی بھی کمپرومائز نہیں کیا جائے گا۔کرسمس تہوار کے حوالے سے یا کسی بھی ایمرجنسی صورت حال کے پیش نظر ڈی پی او آفس میں کنٹرول روم قائم کیا جارہا ہے،جو کرسمس تقریبات کے اختتام تک اپنے فرائض سر انجام دے گا،ان ٹیلی فون نمبر 062-9250363،وائرلیس کنٹرول نمبر 062-9255109 یا پکار 15 پر رابطہ کیا جاسکتا ہے۔

ترجمان بہاولپور پولیس



بہاول پور کرسمس تہوار کے حوالے سے سیکیورٹی پلان ترتیب دے دیا گیا،ضلع میں 44 پروگرامز منعقد ہونگے،جن پر 1500 کے قریب پولیس افسران وجوان اپنے فرائض سرانجام دیں گے